ادارہ

مسافرانِ آخرت

● مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمہ اللہ:

جامعہ عبداللہ بن مسعود خان پور کے شیخ الحدیث اور حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کے نواسے مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی ۲۴؍ اگست ۲۰۰۷ء کو انتقال کر گئے۔ ۲۵؍ اگست کی صبح ان کی نمازِ جنازہ ادا کی گئی۔ مرحوم کے اچانک انتقال سے جہاں خانوادۂ درخواستی کو شدید صدمہ پہنچا ہے۔ وہاں حضرت درخواستی کے ارادت مندوں اور علماء وطلباء کے دل بھی مغموم ہوئے ہیں۔ حق تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

● سیف الرحمٰن سنجرانی مرحوم:

مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن محترم عزیز الرحمٰن سنجرانی کے چھوٹے بھائی اور عزیزان محمد ابوذر، محمد ابوبکر ،محمد مغیرہ، محمد نعمان اور محمد عمر کے والد سیف الرحمٰن سنجرانی ۹؍ اگست ۲۰۰۷ء کو ملتان میں انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ اسی روز بعد نمازِ عصر دارِ بنی ہاشم میں ادا کی گئی۔ مرحوم نہایت ملنسار، خدمت گزار اور وفا شعار انسان تھے۔ انھیں خانوادۂ امیر شریعت سے بے پناہ عقیدت تھی۔

● پیر جی عبدالحکیم رحمہ اللہ:

معروف روحانی شخصیت اور حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری نوراللہ مرقدہ کے خلیفۂ مجاز حضرت پیر جی عبداللطیف رحمۃ اللہ علیہ (چیچہ وطنی) کے فرزند پیر جی عبدالحکیم گزشتہ ماہ کمالیہ (ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ) میں انتقال کر گئے۔

● کمالیہ میں اکابرِ احرار اور حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری کے ارادت مند کریم بخش ناصر صاحب کے چھوٹے بھائی حبیب الرحمٰن شاکر مرحوم، انتقال: ۳؍ اگست ۲۰۰۷ء

● والدہ مرحومۂ جناب عبدالکریم قمر (کمالیہ) انتقال: ۲۷؍ جولائی ۲۰۰۷ء۔ مکہ مکرمہ

● جام محمد اقبال منڈھیرہ (جام ریاض احمد، منتظم بخاری اکیڈمی ملتان کے ماموں انتقال: ۸؍ اگست ۲۰۰۷ء ماہڑہ ضلع مظفر گڑھ)

● مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن شیخ فیض علی مرحوم کے داماد شیخ محمد سلیم مرحوم

● قیامِ پاکستان سے پہلے مجلس احرار اسلام ہند کے رہنما شیخ محمد صادق مرحوم کے فرزند اور ہمارے مہربان شیخ محمد اسلم اور شیخ محمد افضل کے چھوٹے بھائی شیخ محمد اجمل مرحوم (چیچہ وطنی)

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت، درجات بلند اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

قارئین سے دعاءِ مغفرت اور ایصالِ ثواب کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

دعائے صحت

● کمالیہ سے قدیم احرار کارکن احمد یار اختر شدید علیل ہیں۔ ● جلال پور پیروالا سے عبدالرحمٰن جامی کی دختر ان علیل ہیں۔ احباب سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)